# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

### وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے | | | |

کورس: اردو (URD-101)　　　　سمسٹر: خزاں، 2026

سطح: میٹرک

### برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

### (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

-3 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-4 آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-5 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال 1 : نصاب کے مطابق، آپ ﷺ کی زندگی کے اخلاقی اوصاف، صبر، سخاوت، عفو و درگزر کو اپنی زندگی میں اپنانے کے فوائد بیان کریں۔ (20)

سوال 2: یومِ آزادی کا سبق طالب علموں میں حب الوطنی اور قومی وحدت کے جذبات کو کیسے بیدار کرتا ہے؟ ایک ذمہ دار شہری کی حیثیت سے آپ یومِ آزادی کو قومی ترقی کے عزم کے طور پر کیسے منا سکتے ہیں؟ (20)

سوال 3: انسانی زندگی میں صفائی کی اہمیت اور صحت مند طرزِ زندگی اپنانے کے اصولوں پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال 4: مکالمہ کے بنیادی اصول کیا ہیں؟ دو افراد کے درمیان کسی سماجی موضوع پر مکالمہ لکھیں جو ان کی فکری ہم آہنگی کو ظاہر کرے۔ (20)

سوال 5: مندرجہ ذیل اقتباس کی سیاق و سباق کے ساتھ تشریح کریں۔ مضمون اور مصنف کا نام بھی لکھیں۔ (20)

"کانگریس دعویٰ تو پورے ہندوستان کے لوگوں کی نمائندگی کا کرتی تھی لیکن عملاً وہ ہندوؤں کے حقوق کے تحفظ پر کمر بستہ رہی۔ قائدِ اعظم مسلمانوں کی نمائندہ سیاسی تنظیم مسلم لیگ میں شامل ہوئے۔ انھوں نے مسلمانوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کانگریس کے ساتھ کئی مشہور معاہدے کیے مثلاً میثاق لکھنؤ، تجاویز دہلی وغیرہ۔ ہندو معاہدے تو کر لیتے تھے لیکن ان پر عمل نہیں کرتے تھے انگریزوں کی پالیسی بھی لڑاؤ اور حکومت کرو کی پالیسی تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان جگہ جگہ فسادات ہونے لگے۔ مسلمانوں کے ساتھ ملازمت اور کاروبار میں بھی بڑی ناانصافیاں ہونے لگیں۔"

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال 1: ایک اچھی درخواست میں کس طرح اپنا موقف پیش کیا جاتا ہے؟ مثال کے لیے ایک آفیسر کے نام درخواست لکھیں۔ (20)

سوال 2: مختلف حالات اور مواقع کے مطابق مکالمے میں تبدیلی لانے کے فن کی وضاحت ایک مکالمے کی مثال کے ذریعے کریں۔ (20)

سوال 3: خطوط نویسی کو انسانی جذبات اور خیالات کی منتقلی کا ذریعہ کیوں سمجھا جاتا ہے؟ اپنے دوست کے نام خط لکھیں جس میں اس سے کتابوں کے متعلق گفتگو کی گئی ہو۔ (20)

سوال 4: کسی بھی موضوع پر مضمون لکھتے وقت فکری تربیت اور اخلاقی رہنمائی کے پہلوؤں کو کیسے شامل کیا جا سکتا ہے؟ "ملک کی ترقی" کے موضوع پر مضمون لکھیں۔ (20)

سوال 5: اچھی نثر میں محاورہ اور روزمرہ کی اہمیت بیان کریں۔ نیز اردو زبان میں محاورہ اور روزمرہ کے استعمال سے ادبی حسن اور معنوی گہرائی کیسے پیدا ہوتی ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)